آپ کے بچے کو کنڈرگارٹن میں داخلہ لینے کا حق ہے

1. میرے بچے کو کنڈرگارٹن میں داخلہ کیوں لینا چاہیئے؟

- کنڈرگارٹن ایک ایسی جگہ ہے جہاں آپ کا بچا کھیلے گا، دوست بنائے گا اور سماجی اور تعلیمی مہارتیں بھی حاصل کرے گا۔
- آپ کا بچہ نارویجن زبان سیکھے گا اور نارویجن ثقافت سے واقف ہو جائے گا۔
کنڈرگارٹن آپ کے بچے کو اسکول شروع کرنے کیلئے تیار کرتا ہے۔

2. کیا میرا بچہ کنڈرگارٹن میں محفوظ ہوگا؟

ہاں۔ تمام بچے محفوظ اور نرم دل اور قابل بالغاں کی زیر نگرانی ہوتے ہیں۔

3. میں کیسے جان سکتا/سکتی ہوں کہ میرا بچہ کنڈرگارٹن میں ترقی کررہا ہے؟

کنڈرگارٹن کا عملہ آپ سے ہمیشہ رابطہ میں رہے گا۔ آپ دونوں مل کر اپنے بچے کیلئے کیا بہتر ہے اس کا فیصلہ کریں گے۔

4. میں اپنے بچے کیلئے کنڈرگارٹن میں جگہ کس طرح حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟

میونسپلٹی میں [... نام اور رابطہ معلومات درج کریں...] سے رابطہ کریں وہ کسی کنڈرگارٹن میں داخلہ کی درخواست دینے اور اس کی فیس کا حساب لگانے میں آپ کی مدد کرے گا۔

5. اس کی فیس کتنی ہے؟

- آپ کا بچہ کنڈرگارٹن میں ہر ہفتے 20 گھنٹہ مفت گزارنے کا مستحق ہوسکتا ہے۔
- اگر آپ کی آمدنی کم ہو تو آپ والدین کی کم کردہ فیس کے اہل ہوسکتے ہیں ہیں۔
- اگر کنڈرگارٹن میں آپ کا ایک سے زیادہ بچے ہیں تو آپ کٹوتی کے حق دار ہیں۔

اپنے بچے کو ایک اچھی شروعات دیں!